# 11 جگ اور مگ

4311CH11




## بنّی کے خاندان میں شادی

بنّی کے گھر شادی ہو رہی تھی۔ یہ ایک خرگوشوں کا خاندان تھا۔ ہرن ،بندر، ہاتھی، بلی، چوہے، کتے ، لومڑی،اونٹ، نیولہ جیسے بہت سے مہمان بلائے گئے۔سبھی کو ایک خاص شربت پلایا جارہا تھا۔سب کو ایک ایک گلاس مل رہا تھا۔سبھی کو شربت بہت مزیدار لگ رہا تھا۔لیکن کچھ چھوٹے مہمان جیسے ______ ، ______ سے ایک پورا گلاس بھی ختم نہیں ہوا۔ لیکن ______ نے اپنا پورا گلاس ختم کرلیا۔

© NCERT not to be republished



2019-20

کچھ ایسے بھی تھے جنھوں نے ایک سے زیادہ گلاس مانگا۔ جیسے ____________، ____________، ____________،

مشکل اب شروع ہوئی!!!


وہاں کچھ بڑے مہمان بھی تھے جو گلاس پہ گلاس انڈیلے جا رہے تھے۔

بنی اندازہ لگانا چاہتا ہے کہ کس نے کتنے گلاس پیے۔

جدول بنانے میں اس کی مدد کیجیے۔



| کس نے کتنے پیے | مہمانوں کے نام |
|---|---|
| 1 سے کم گلاس | ____________، ____________ |
| 1 سے 5 گلاس کے بیچ | ____________، ____________ |
| 5 سے 10 گلاس کے بیچ | ____________، ____________ |
| 10 گلاس سے زیادہ | ____________، ____________ |




## پانی اندر، پانی باہر

کیا تم کبھی لڈو کی طرح سوچتے ہو؟

ایک دن میں تم اندازاً کتنے گلاس پانی پی جاتے ہو؟

گرمیوں کے دنوں میں: ____________ گلاس

سردی کے دنوں میں: ____________ گلاس

کیا تم بتا سکتے ہو کہ تمہارے جسم سے ایک دن میں کتنا پانی نکلتا ہے۔

© NCERT not to be republished



## بالٹیاں اور بوتلیں



ایک لیٹر کی ایک بوتل لو۔ (یہ پانی یا تیل کی خالی بوتل ہو سکتی ہے)۔ اب اپنے گھر سے کچھ اور خالی بوتلیں، مگ، جگ، گلاس، کٹوری، پتیلا وغیرہ اکٹھا کرو۔ ایک لیٹر کی بوتل کی مدد سے معلوم کرو کہ ان میں سے کس میں ایک لیٹر سے زیادہ اور کس میں ایک لیٹر سے کم پانی آتا ہے۔ اگر تم چاہو تو ایک چھوٹی تصویر بناؤ۔





| 1 لیٹر سے کم | 1 لیٹر سے زیادہ |
|---|---|
| کٹوری  | پتیلی  |
| | |
| | |
| | |
| | |

— اب ذرا اپنے گھر کی بالٹیوں کو دیکھو

— اندازہ لگاؤ کہ ان میں کتنا پانی آ سکتا ہے۔


— 1 لیٹر والی بوتل کی مدد سے یہ دیکھو کہ کیا سبھی بالٹیوں کے لیے ایک کا اندازہ صحیح ہے۔

| بالٹی | میرا اندازہ | میرا ناپ |
|---|---|---|
| 1 بالٹی | | |
| 2 بالٹی | | |
| 3 بالٹی | | |


© NCERT not to be republished

## صحیح جوڑے ملائیے





(دودھ ناپنے کا پیمانہ)

تقریباً 12 لیٹر


(پانی کی ٹنکی)

$\frac{1}{2}$ لیٹر سے کم


(بالٹی)

تقریباً 5 لیٹر


(آنکھوں کی دوا کی شیشی)

1000 لیٹر


(پانی کی صراحی)

$\frac{1}{2}$ لیٹر

© NCERT not to be republished

# کس کے جگ میں زیادہ پانی آتا ہے؟


نعیمہ اور جیتو کیا کر رہے ہیں؟

اگر نعیمہ اپنے جگ میں ایک گلاس پانی ڈالتی ہے تو وہ کچھ اس طرح دکھائی دیتا ہے۔



نعیمہ کو لگا کہ اس کو جگ بھرنے کے لئے تقریباً 3 گلاس پانی ڈالنا ہوگا۔ تمہیں کیا لگتا ہے؟ ____________

اگر جیتو اپنے جگ میں ایک گلاس پانی ڈالتا ہے تو وہ اس طرح لگتا ہے:




© NCERT not to be republished

- بتاؤ کہ کس کے جگ میں زیادہ پانی آئے گا؟
- تمہیں کیا لگتا ہے کہ جیتو کو اپنا جگ بھرنے کے لئے اس میں کتنے گلاس پانی ڈالنا ہوگا؟ ____________
- اگر جیتو ایک گلاس پانی اور ڈالتا ہے تو اس کا جگ تقریباً ____________ بھر جائے گا۔

## مٹکے بھرنا

نَسیم اور عَبدُل کو اپنے اپنے مٹکے پانی سے بھرنے ہیں۔ دونوں مٹکے ایک جیسے بڑے اور بھاری ہیں۔ انہوں نے اپنی بوتل بھری اور پھر اس کو لے جا کر مٹکے میں ڈالا۔ اس لئے انہیں بار بار نل کے پاس جانا پڑا۔



نَسیم نل سے 161 بار بوتل بھر کر لائی جب کہ عَبدُل کو اپنی بوتل صرف 8 بار ہی بھرنی پڑی۔

* نَسیم کو عَبدُل سے زیادہ بار کیوں جانا پڑا؟
* عَبدُل کی بوتل سے نَسیم کی بوتل میں ________ (دوگنا / آدھا / تین گنا) پانی آ سکتا ہے۔

## کتنے گلاس




مٹکا نمبر ب میں پورے 11 گلاس پانی آتا ہے۔ مٹکا نمبر الف میں ب نمبر کے مٹکے سے دوگنا پانی آتا ہے۔ مٹکا الف کو بھرنے کے لئے کتنے گلاس پانی چاہیے؟ ________

بچوں کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ پانی، دودھ وغیرہ کو ناپنے کا اور الگ الگ طرح کے برتنوں، بوتلوں وغیرہ کے سائز کا موازنہ کرنے کے تجربات کو بتائیں۔ انہیں اس کا موقع ملنا چاہیے کہ وہ گلاس بھر، بالٹی بھر، جیسے الفاظ کا استعمال کر سکیں، ساتھ ہی اس کی بھی کوشش کی جانی چاہیے کہ وہ پانی کی مقدار سے متعلق الفاظ آدھا، دوگنا، چار گنا، سے واقف ہوں اور انہیں 1 لیٹر تقریباً کتنا ہوتا ہے اس کا احساس ہو۔

© NCERT not to be republished

# گڑھے بھرنا

یہ شہر کو ہیما کے پاس ہے یہاں سڑک پر کچھ گڑھے تھے۔ بارش آنے سے پہلے بچے چھوٹے چھوٹے پتھروں سے ان گڑھوں کو بھر دینا چاہتے تھے۔

وہ سب ایک جیسے مگوں میں کنکر اور پتھر بھر کر لائے۔

گڑھا A 9 مگ کنکر سے بھر گیا۔

گڑھا B 18 مگ کنکر سے بھر گیا۔

گڑھا C 12 مگ کنکر سے بھر گیا۔



- تصویر میں صحیح گڑھوں پر A, B اور C لکھئے۔
- سب سے بڑا گڑھا کون سا ہے؟
- اگر گڑھوں کو بھرنے میں جگ کا استعمال کیا جائے تو گڑھا A 5 جگ سے بھرے گا۔ گڑھا B کو بھرنے میں کتنے جگ پتھر لگیں گے۔



© NCERT not to be republished